# اہل بیت علیہم السلام کی تعلیمات میں

(۱۷)

# نمازِ تراویح کی حقیقت

## (ایک تحقیقی جائزہ)

تالیف:
حجۃ الاسلام شیخ عبدالکریم بہبہانی

ترجمہ:
حجۃ الاسلام شیخ محمد علی توحیدی

مجمع جہانی اہل بیت علیہم السلام

www.ketab.ir

| | | |
|---|---|---|
| سرشناسه | : | بهبهانی، عبدالکریم، ۱۳۳۵- Behbahani, Abdol-Karim, 1956- |
| عنوان قراردادی | : | صلاةالتراویح .اردو |
| عنوان و نام پدیدآور | : | نماز تراویح کی حقیقت.../تالیف عبدالکریم بهبهانی ؛ ترجمه محمدعلی توحیدی. |
| مشخصات نشر | : | قم: مجمع جهانی اهل‌بیت (علیهم السلام)، ۲۰۲۴م.=۱۴۰۳. |
| مشخصات ظاهری | : | ۶۰ص. |
| فروست | : | اهل‌بیت علیهم‌السلام کی تعلیمات مین؛ ۱۷. |
| شابک | : | 978-964-7756-22-8 |
| وضعیت فهرست نویسی | : | فیپا |
| یادداشت | : | زبان: اردو. |
| موضوع | : | نماز تراویح Tarawih |
| شناسه افزوده | : | توحیدی، محمدعلی، ۱۹۵۵- م.، مترجم |
| شناسه افزوده | : | مجمع جهانی اهل بیت (علیهم السلام) |
| شناسه افزوده | : | Ahl al-Bayt World Assembly |
| رده بندی کنگره | : | ۷/BP۱۸۷ |
| رده بندی دیویی | : | ۳۵۳/۲۹۷ |
| شماره کتابشناسی ملی | : | ۹۸۸۹۳۸۳ |
| اطلاعات رکورد کتابشناسی | : | فیپا |

اهل بیت علیہم السلام کی تعلیمات میں (۱۷)

نمازِ تراویح کی حقیقت

تالیف: حجۃ الاسلام شیخ عبدالکریم بہبہانی / تحقیقی کمیٹی

ترجمہ: حجۃ الاسلام شیخ محمد علی توحیدی

تصحیح: حجۃ الاسلام شیخ سجاد حسین

نظر ثانی: محمد عباس ہاشمی

کمپوزنگ: حجۃ الاسلام شیخ غلام حسن جعفری

ناشر: مجمع جہانی اہل بیتؑ

طبع اول: ۱۴۴۶ھ، ۲۰۲۵

مطبع: چاپ دیجیتال

تعداد: ۵۰

ISBN: 978-964-7756-22-8



www.ahl-ul-bayt.org--info@ahl-ul-bayt.org



جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔



پتہ: نزد گلی نمبر ۶، جمہوری اسلامی بولیورڈ، قم، ایران۔ ٹیلی فون: ۰۰۹۸۲۵۳۲۱۳۱۲۲۱

بلڈنگ نمبر ۲۲۸، مد مقابل پارک لالہ، کشاورز بولیورڈ، تہران، ایران۔ ٹیلی فون: ۰۰۹۸۲۱۸۸۹۷۰۱۷۱



www.ketab.ir

# فہرست


پیش لفظ .................................................. ۹


## نمازِ تراویح کی حقیقت


تمہید .................................................. ۱۳

کتاب و سنت سے تراویح کے جواز کی نفی ہوتی ہے .................. ۱۵

نمازِ تراویح کی ابتدا کب ہوئی؟ .................................. ۱۶

نماز تراویح کے بارے میں امامیہ نقطہ نظر .......................... ۲۴

نماز تراویح اہل بیت علیہم السلام کی روایات کی روشنی میں .................. ۲۵

سنت رسول | : اہل بیت علیہم السلام کی زبانی ................................ ۳۰

نمازِ تراویح کے بارے میں صحیح بخاری اور صحیح مسلم کا موقف .................. ۳۱

بخاری و مسلم کی روایت کا تنقیدی جائزہ .................................. ۳۵

حضرت عمر کے دور میں باجماعت تراویح کا آغاز .............................. ۳۹

قانون سازی کا حق خدا کے ساتھ مختص ہے .................................. ۴۴

بدعت کے داغ کو دھونے کی بھونڈی کوشش .................................. ۴۸

ابن ابی الحدید معتزلی کی کوشش .................................. ۴۹

ابن ابی الحدید کے قول پر تبصرہ .................................. ۴۹

قاضی عبد الجبار معتزلی کی کوشش .................................. ۵۴

ابن تیمیہ کی کوشش .................................. ۵۵


www.ketab.ir

احکام خمسہ کے حساب سے بدعت کو تقسیم کرنے کی کوشش ............................ ۵۷
خلاصہ بحث ..................................................... ۵۹

www.ketab.ir

# پیش لفظ

عصر حاضر تہذیبوں کی جنگ کا زمانہ ہے۔ تبلیغ کے مؤثر اسالیب سے استفادہ کر کے اپنے افکار کی نشر و اشاعت کرنے والا ہر مکتب اس میدان میں گوئے سبقت لے جائے گا اور اہل جہان کی فکر پر اثر انداز ہو گا۔

ایران میں اسلامی انقلاب کی کامیابی کے بعد پوری دنیا کی نگاہیں ایک مرتبہ پھر اسلام اور شیعہ تہذیب کی طرف مرکوز ہو گئی ہیں۔ دشمنوں نے اس فکری و روحانی طاقت کو توڑنے کی غرض سے اور دوستوں نے انقلابی و تہذیبی تحریک کے نمونوں کی پیروی اور اس سے الہام گیری کی خاطر اس ناب اور تاریخ ساز تہذیب کے ام القریٰ کی طرف ٹکٹکی باندھ رکھی ہے۔

مجمع جہانی اہل بیت علیہم السلام نے خاندانِ عصمت کے پیروکاروں میں یکجہتی، ہمفکری اور باہمی تعاون کی ضرورت کو درک کرتے ہوئے دنیا بھر کے شیعوں کیلئے ایک فعال رابطہ برقرار کرنے اور فقہ جعفریہ کے مفکرین اور خلاق شیعوں کی عظیم و کارآمد قوت سے استفادہ کرنے کی غرض سے اس میدان میں قدم رکھا ہے تاکہ سیمیناروں کے انعقاد، کتابوں اور تراجم کی نشر و اشاعت اور شیعہ افکار سے متعلق علمی مواد کا تبادلہ کر کے اہل بیت علیہم السلام کی تعلیمات اور اسلام ناب محمدی کو فروغ دے سکے۔

www.ketab.ir

خدا کا شکر ہے کہ رہبر معظم حضرت آیت اللہ خامنہ ای مدظلّہ کی اس حساس اور مکتب ساز میدان میں خصوصی ہدایات کی روشنی میں اہم اقدامات کیے گئے ہیں اور امید ہے کہ مستقبل میں یہ نورانی اور بنیادی نوعیت کی تحریک زیادہ سے زیادہ پھولے پھلے نیز آج کی دنیا اور قرآن و عترت کے درخشاں معارف کی تشنہ انسانیت زیادہ سے زیادہ اس مکتب کی روحانیت، عرفان اور ولایت کے حامل اسلام کے چشمہ رواں سے بہرہ مند اور سیراب ہو۔

ہمارا یہ یقین ہے کہ اہل بیت علیہم السلام کی تعلیمات کو صائب، ماہرانہ، منطقی اور استوار انداز سے پیش کر کے خاندانِ رسالت اور بیداری و حرکت و روحانیت کے پرچمداروں کی میراث کے ماندگار جلووں کو دنیا کے سامنے پیش کیا جاسکتا ہے اور اس کی بدولت ظہور سے پہلے ماڈرن جہالت، دنیا کو ہڑپ کرنے والوں کی آمریت وہٹ دھرمی اور انسانیت و اخلاق سوز اقدار سے اکتائی ہوئی بشریت کو امام عصر علیہ السلام کی عالمی حکومت کا تشنہ وگرویدہ بنایا جاسکتا ہے۔

اس اعتبار سے ہم محققین اور مصنفین کی علمی کاوشوں اور تحقیقات کا استقبال کرتے ہیں اور خود کو ان مؤلفین اور مترجمین کا خادم سمجھتے ہیں جو اس بلند پایہ تہذیب کی نشر و اشاعت کی سعی کر رہے ہیں۔

ہمیں خوشی ہے کہ اس مرتبہ مجمع جہانی اہل بیت علیہم السلام کی ایک تحقیقی کتاب "اہل بیت علیہم السلام کی تعلیمات میں" کے عنوان سے آپ عزیزوں کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ یہ کتاب اس مقدس ادارے کے مایہ ناز محققین کی زحمتوں کا نتیجہ ہے کہ جسے لائق اور گرامی قدر مترجمین کی خامہ فرسائی نے اردو زبان کے قالب میں ڈھالا ہے اور ہم ان عالی قدر مؤلفین اور مترجمین کی توفیقات خیر کیلئے دعاگو ہیں۔

www.ketab.ir

یہاں ہم اس کتاب کی تخلیق کیلیے سعی و کوشش کرنے والے ادارہ ترجمہ کے تمام عزیز دوستوں اور مخلص ساتھیوں کی بھی صدق دل سے قدر دانی کرتے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ تہذیبی جنگ کے میدان میں اٹھایا جانے والا یہ چھوٹا سا قدم، صاحب ولایت کی خوشنودی و رضامندی کا مشمول قرار پائے!

شعبہ تہذیب و ثقافت

مجمع جہانی اہل بیت علیہم السلام

www.ketab.ir

# نمازِ تراویح کی حقیقت

## تمہید

اسلامی شریعت کی رو سے واجبات سے مراد وہ امور ہیں جن کی بجاآوری اللہ، اس کے رسول اور آخرت پر ایمان رکھنے والے انسان کے لئے ضروری ہے تاکہ وہ کمالِ آدمیت کی منازل کو طے کرسکے۔ ان واجبات کی ادائیگی میں افراط و تفریط اور کوتاہی کے باعث انسان منزلِ کمال تک رسائی حاصل کرنے میں کامیاب نہیں ہوتا۔

اسی طرح مستحبات اور مندوبات وہ امور ہیں جو واجبات پر عمل پیرا انسان کے درجاتِ کمال اور اللہ کے ساتھ اس کی قربت میں اضافہ کرتے ہیں۔

انسان کے لئے پنجگانہ واجب نمازوں کی بجاآوری ہر حالت میں ضروری ہے۔ ان نمازوں کے اوقاتِ فضیلت میں ان کی بجاآوری مردِ مومن کے فضل و کمال اور اس فریضۂ الٰہی کو اہمیت دینے کی علامت محسوب ہوتی ہے۔ اسی طرح ان نمازوں کو جماعت کے ساتھ پڑھنا ایک اور مستحب عمل ہے جس سے کمال کا ایک اور درجہ ہاتھ آتا ہے۔

اسلامی عبادات کی بعض خصوصیات درج ذیل ہیں:

یہ عبادات متنوع ہیں اور انسانی زندگی کے مختلف احوال وازمان کو محیط ہیں۔

www.ketab.ir

یہ عبادات انسان کی بلوغت سے لے کر اس کی زندگی کے آخری لمحات تک اس کے تمام ایام کے مختلف اوقات کو محیط ہیں۔

عبادات کا یہ دائمی تسلسل انسانی تربیت پر اسلام کی زبردست توجہ کا آئینہ دار ہے۔

اس تربیت کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ سنجیدہ جد و جہد اور مسلسل مشق کے تدریجی مراحل طے کیے جائیں نیز اللہ کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھا جائے۔

یہ عبادات اپنی ماہیت، کیفیت اور تفصیلات کے زاویے سے توقیفی (یعنی شریعت کی رہنمائی پر موقوف) ہیں اور انسان کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اپنی مرضی اور صوابدید سے ان میں کمی بیشی کرے، اس بات پر تمام مسلمانوں کا اتفاق اور اجماع ہے۔

اسی بات کے پیش نظر نمازِ تراویح کے بارے میں تحقیقی گفتگو کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

یاد رہے کہ بعض مسلمان ماہ رمضان میں تراویح کے نام سے یہ نماز انجام دیتے ہیں۔

یہاں قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا نماز تراویح شریعت کی ایجاد ہے؟

کیا خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ نے اس کا حکم دیا ہے اور اس کی تفصیلات بیان کی ہیں یا نہیں؟

اگر شریعت نے اس کا حکم نہیں دیا ہے تو اس صورت میں یہ نماز بدعت اور حرام قرار پاتی ہے کیونکہ جو عبادت کتاب وسنت کی بنیاد پر استوار نہ ہو وہ بدعت اور حرام ہے۔

www.ketab.ir